دُعا بعد نمازِ جنازہ

الحدیث

حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کس وقت **دُعا** جلد قبول ہوتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

رات کے آخری حصہ میں اور فرض نمازوں کے بعد

سنن ترمذی، حدیث 3838 - سنن کبری نسائی، حدیث 9936

اس حدیثِ پاک میں ہر فرض نماز کے بعد دعا کرنے کی تعلیم فرمائی گئی ہے اور نمازِ جنازہ بھی فرض ہے، لہٰذا نمازِ جنازہ کے بعد دعا کرنے سے مسلمان کا اس حدیث پر بھی عمل ہو جاتا ہے۔

صحابہ کرام کا عمل

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ چھوٹ گئی جب آپ تشریف لائے تو فرمایا: **اگر تم لوگ نمازِ جنازہ پڑھ چکے ہو تو اب ان کیلئے دعا کرنے میں مجھ پر سبقت نہ کرو یعنی دعا میرے ساتھ مل کر مانگو۔**

بدائع الصنائع، کتاب الصلاۃ، ج 1 ص 461

واضح ہوا کہ صحابہ کرام بھی نمازِ جنازہ کے بعد دعا کیا کرتے تھے، اگر ایسا نہ ہوتا تو حضرت عبداللہ بن سلام یہ نہ فرماتے کہ "دعا میرے ساتھ مل کر مانگو"